ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

# محمد حارث پاکستان شاہینز وائٹ بال ٹیم کے کپتان مقرر کردیے گئے

- ٹیم ڈارون میں دوون ڈے میچز کے علاوہ ٹاپ اینڈ نامی ٹی ٹوئنٹی سیریز بھی کھیلے گی

**لاہور 15 جولائی 2024ء:**

محمد حارث کو ڈارون میں ہونے والے محدود اوورز کے میچوں کے لیے پاکستان شاہینز کا کپتان مقرر کیا گیا ہے۔

پاکستان شاہینز 4 سے 18 اگست تک ہونے والے اس دورے میں پچاس اوورز کے دو میچوں کے علاوہ نو ٹیموں کی ٹاپ اینڈ نامی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بھی حصہ لے گی۔

محمد حارث نے آخری مرتبہ کولمبو میں منعقدہ اے سی سی مینز ایمرجنگ ایشیا کپ 2023 میں پاکستان شاہینز کی کپتانی کی تھی جس کے فائنل میں پاکستان شاہینز نے بھارت کو 128 رنز سے شکست دے کر ٹائٹل کا کامیابی سے دفاع کیا تھا۔

پاکستان شاہینز پہلے ہی سے ڈارون میں موجود ہے جہاں اسے بنگلہ دیش اے کے خلاف دو چار روزہ میچ کھیلنے ہیں جو 19 سے 22 جولائی تک اور 26 سے 29 جولائی تک کھیلے جائیں گے۔ اس کے علاوہ پاکستان شاہینز 50 اوور کے میچ ناردن ٹیریٹری (این ٹی) اور بنگلہ دیش اے کے خلاف بالترتیب 4 اور 6 اگست کو کھیلے گی۔

پاکستان شاہینز 9 اگست سے شروع ہونے والی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بھی حصہ لے گی جس میں شریک دیگر ٹیمیں اے سی ٹی کومیٹس۔ بنگلہ دیش اے۔ میلبرن رینیگیڈز۔ میلبرن اسٹارز۔ پرتھ اسکارچرز-ناردرن ٹیریٹری سٹرائیک-ایڈیلیڈ سٹرائیکرز اور تسمانیہ ہیں۔

پاکستان شاہینز مسلسل دوسرے سال ڈارون میں ٹی ٹوئنٹی سیریز میں شرکت کرے گی۔ پچھلے سال اسے فائنل میں این ٹی اسٹرائیک نے 46 رنز سے ہرایا تھا جبکہ پاکستان شاہینز نے ون ڈے میچز میں پاپوانیوگنی کو 224 رنز سے اور ناردرن اسٹرائیک کو 84 رنز سے ہرایا تھا۔

-ENDS-

Media contact:

**Media and Communications Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial